مسافرانِ آخرت

☆ **حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ:** پاکستان کی ممتاز علمی و روحانی شخصیت حضرت مفتی رشید احمد لدھیانوی ۱۹؍فروری ۲۰۰۲ء کو کراچی میں رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے قابلِ فخر شاگرد تھے۔ بھارت کے قصبہ سلیم پور کے ممتاز علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ خاندان کا روحانی تعلق خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون سے تھا۔ کراچی اور سندھ کے مختلف مدارس میں تدریس انجام دیتے رہے۔ ۱۹۶۵ء میں کراچی میں ''دارالافتاء والارشاد'' قائم کیا۔ دم واپسی تک اسی ادارہ کی سرپرستی فرماتے رہے۔ تعلیم وتربیت ،تزکیہ، اصلاح عقائد واعمال، رفاعی خدمت اور جہاد اُن کی زندگی کے خاص موضوعات اور اہداف تھے۔ عمر بھر انہی عنوانات پر شاندار خدمات انجام دیں۔ خاص طور پر اُن کی جہادی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ ''دارالافتاء والارشاد''، ''الرشید ٹرسٹ'' ہفت روزہ ''ضرب مؤمن'' اور روزنامہ ''اسلام'' اُن کی یادگاریں اور عظیم الشان ادارے ہیں۔

مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم، نائب امیر چودھری ثناء اللہ بھٹہ، ناظم اعلیٰ پروفیسر خالد شبیر احمد، ناظم نشر واشاعت عبداللطیف خالد چیمہ، مدیر نقیبِ ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور دیگر رہنماؤں نے حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کے انتقال پر اُن کے تمام اعزہ و پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی دینی خدمات کو قبول فرمائے، درجات بلند فرمائے اور جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ (آمین)

☆ **مولانا محمود الحسن توحیدی رحمہ اللہ:** جامع مسجد امیر حمزہ گورونانک پورہ، فیصل آباد کے خطیب اور مدرسہ محمودیہ و مسجد ابوبکر صدیق راولپنڈی کے بانی و متولی مولانا محمود الحسن توحیدی ۱۷؍فروری ۲۰۰۲ء کو اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، مولانا عبدالستار توحیدی رحمہ اللہ کے فرزند اکبر اور جانشین تھے۔ تحریکِ آزادی کے رہنما مولانا مفتی عبدالحی رحمہ اللہ (آف بھوئی گاڑ) کے داماد اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے خلیفہ مجاز حضرت حاجی فقیر محمد رحمہ اللہ کے خلیفہ تھے۔ راولپنڈی اور فیصل آباد میں انہوں نے اور ان کے خاندان نے بے مثال دینی و علمی خدمات انجام دیں۔ مولانا مرحوم کے بڑے فرزند محمد قاسم توحیدی کو اُن کا جانشین مقرر کیا گیا ہے۔ ابن امیر شریعت، قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اور مجلس کے تمام اکابر نے مولانا کے انتقال پر گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے اُن کیلئے دعاء مغفرت کی ہے اور اُن کے اہل و عیال سمیت تمام پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔ مولانا مرحوم، حضرت قائد احرار کے بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے نیز تمام لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

☆ **قاری ظفر الحق صاحب رحمہ اللہ:** شہداء مسجد شہید گنج سکھر کے خطیب محترم قاری ظفر الحق صاحب ۵/ مارچ ۲۰۰۲ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم ہمارے دیرینہ کرم فرما تھے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کے استاذ حضرت مولانا محمد دین غریب امرتسری رحمہ اللہ کے خاندان میں سے تھے۔ استاذ القراء حضرت قاری رحیم بخش پانی پتی رحمہ اللہ کے قابلِ فخر شاگرد تھے۔ ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ سے بہت محبت کرتے تھے، اُن کے ساتھ مثالی تعلق تھا۔ خانوادۂ امیر شریعتؒ سے اُنس تھا اور مجلس احرار اسلام کے معاون تھے۔ بیس برس سے زائد عرصہ سے قرآن کریم کی تعلیم و تدریس میں مصروف تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، اُن کے بھائی مولانا احسان الحق اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

☆ **مولانا نازبیر احمد مرحوم:** مہتمم جامعہ مدنیہ، بہاول پور، انتقال ۲۴/ جنوری ۲۰۰۲ء

☆ **اللہ بخش مرحوم:** مدرسہ معمورہ، مسجد طوبیٰ، ملتان کے مدرس حافظ محمد سعید کے چچا، انتقال ۳/ مارچ ۲۰۰۲ء

☆ **محمد الیاس چیمہ مرحوم:** چیچہ وطنی میں ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ اور محمد آصف چیمہ کے عم زاد، عبداللطیف خالد چیمہ کے عزیز اور ہمارے مرکز دار العلوم ختم نبوت کے معاون بھائی محمد الیاس چیمہ ۱۲/ مارچ کو انتقال فرما گئے۔

☆ **والدہ مرحومہ مولانا عبدالستار:** ساہیوال میں ہمارے مہربان اور مرکزی جامع مسجد عید گاہ ساہیوال کے خطیب مولانا عبدالستار کی والدہ ماجدہ ۱۶/ مارچ کو انتقال فرما گئیں۔

چیچہ وطنی میں ہمارے دیرینہ مہربان شیخ عبدالغنی صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔

ادارہ نقیبِ ختم نبوت کے تمام ارکان مرحومین کی مغفرت کے لئے دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعا مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ ملتان/ ۲۵۔ اپریل ۲۰۰۲ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت، حضرت پیر جی **سید عطاء المہیمن بخاری** دامت برکاتہم

امیر مجلس احرار اسلام پاکستان

الداعی: سید محمد کفیل بخاری، ناظم، مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 061-511961

دور جدید کی اعلیٰ فینسی ورائٹی کا مشہور مرکز

عمر فاروق ہارڈوئیر پینٹس اینڈ مل سٹور

عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈ ویئر، پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل، گورنمنٹ کے منظور شدہ کنڈے، باٹ و پیمانہ جات

صدر بازار ڈیرہ غازی خان فون: 0640-462483